BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

سٹی نے اپنے پہلے 'ایکسپلور برامپٹن یوتھ پاس' کا آغاز کر دیا ہے

برامپٹن ٹرانزٹ نے برامپٹن کے نوجوانوں کے لیے بغیر کرایہ سفر کرنے کے لیے نیا پاس جاری کر دیا ہے، جس سے برامپٹن کے نوجوان برامپٹن ریکریئیشن کے منتخب شدہ پروگراموں تک مفت رسائی بھی حاصل کر سکیں گے

برامپٹن، آن (19 مئی 2022) – سٹی آف برامپٹن نے اپنا 'ایکسپلور برامپٹن یوتھ پاس (Explore Brampton Youth Pass') پائلٹ پروگرام شروع کر دیا ہے۔

اس پاس کے ساتھ، 12 سے 16 سال کی عمر کے نوجوان جو برامپٹن کے رہائشی ہیں برامپٹن ٹرانزٹ پر مفت سفر کر سکیں گے اور 1 جولائی سے 5 ستمبر 2022 تک منتخب شدہ برامپٹن تفریحی ڈراپ ان پروگراموں بشمول تیراکی، سکیٹنگ اور منتخب شدہ کھیلوں تک مفت رسائی حاصل کر سکیں گے۔

سٹی کے پاس اس پائلٹ پروگرام کے ذریعے 2,000 ایکسپلور برامپٹن یوتھ پاسز دستیاب ہیں۔ معاشی و سماجی طور پر کمزور نوجوانوں کو ترجیح دی جائے گی۔ اس پائلٹ پروگرام کا مقصد نوجوانوں کو برامپٹن میں پبلک ٹرانزٹ اور تفریحی سہولیات استعمال کرنے کی ترغیب دینا ہے، جو ایک فعال طرز زندگی گزارنے اور صحت مندانہ عادات کی بنیاد رکھتا ہے۔

درخواستیں اب آن لائن طور پر دستیاب ہیں۔ برامپٹن یوتھ پاس کے بارے میں مزید جاننے کے لیے یہاں کلک کریں اور اپنی درخواست جمع کروائیں۔

اقتباسات

"ہم موسم گرما 2022 کے لیے سٹی آف برامپٹن کے پہلے ایکسپلور برامپٹن یوتھ پاس کا آغاز کرتے ہوئے خوشی محسوس کر رہے ہیں۔ برامپٹن کینیڈا کے سب سے کم عمر شہروں میں سے ایک ہے، جہاں پر ٹرانزٹ اور تفریح کی شاندار سہولیات موجود ہیں اور میں نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ اس پاس سے فائدہ اٹھائیں اور اس موسم گرما کو ایک پُرلطف، محفوظ اور سستے طریقے سے گزاریں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن ایک صحت بخش، محفوظ اور زیادہ مواقع کا شہر ہونے کا علاوہ ایک گرین سٹی بھی ہے۔ ہمارے نوجوان ہمارے آنے والے کل کے رہنماء ہیں اور ہم برامپٹن کے نوجوانوں کی متنوع اور متحرک کمیونٹی کو صحت مند اور فعال رہنے کے مواقع فراہم کرتے رہتے ہیں، جس کی ایک مثال 'ایکسپلور برامپٹن یوتھ پاس' ہے۔ یہ ہمارے شہر کے نوجوانوں کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات میں ایک سنگ میل ہے!"

- *رووینا سینٹوس، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ چیئر، کمیونٹی سروسز، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی آف برامپٹن کا ایکسپلور برامپٹن یوتھ پاس ہمارے شہر کے نوجوانوں کے لیے ہماری مسلسل لگن کو ظاہر کرتا ہے۔ سٹی کو فخر ہے کہ پچھلے کچھ سالوں میں نوجوانوں کی سرگرمیوں کو فروغ دینے اور انہیں ترقی کے مواقع فراہم کرنے کے لیے اس کی شاندار وابستگی پر تین بار اس کے اقدامات کو تسلیم کیا گیا ہے، جس نے پلے ورکس کی جانب سے پلاٹینم اسٹیٹس یوتھ فرینڈلی کمیونٹی کا اعزاز حاصل کیا ہے، یہ پروگرام پارکس اینڈ ریکریئیشن اونٹاریو کے تعاون سے پیش کیا جاتا ہے۔"

- *چارمین ولیمز، سٹی کونسلر وارڈز 7 اور 8؛ وائس چیئر، کمیونٹی سروسز، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی، برامپٹن کے نوجوانوں کو اپنے شہر میں ان کی سرگرمیوں کے فروغ اور ترقی میں مدد فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ برامپٹن رہنے، کام کرنے اور کھیلنے کے لیے ایک بہترین جگہ ہے اور ہم اپنے نوجوانوں کی ترقی کے لیے اہم کام جاری رکھیں گے۔"

- *پال موریسن، انٹیرم چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

BRAMPTON

Media Release

30--

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca